پریس ریلیز

پاکستان میں عورتوں کے خلاف تشدد کے واقعات

رپورٹ: برائے سال 2008

اسلام آباد، **17** فروری **2009**: عورت فاؤنڈیشن نے پاکستان میں عورتوں کے خلاف تشدد کی صورت حال سے متعلق اپنی سالانہ رپورٹ 2008 اسلام آباد پریس کلب میں منعقد ایک پریس کانفرنس میں جاری کردی۔

رپورٹ ماہ جنوری تا دسمبر 2008 میں عورتوں کے خلاف تشدد کے ہونے والے واقعات پر جمع کردہ اعداد و شمار پر مشتمل ہے۔ جو کہ عورت فاؤنڈیشن کے قومی پروگرام پاکستان میں عورتوں کے خلاف تشدد کے واقعات کے اعداد و شمار کا تجزیہ اور پالیسی مرتب کرتا ہے۔ عورتوں کے خلاف تشدد ایک خطرناک حد تک عالمی مظہر کا باعث بن رہا ہے۔ جس سے بے شمار عورتوں کی عزت و ناموس متاثر ہو رہی ہے۔ تشدد ایک بہت ہی بڑا صنفی امتیاز، غیر مساویانہ امتیاز اور معاشرے میں ناہمواری کا بڑھتا ہوا ذریعہ بن رہا ہے۔ تشدد کے حوالے سے اعداد و شمار برف پگھلنے کا ایک معمولی ذرہ معلوم ہوتا ہے۔

اس رپورٹ کا مقصد پاکستان میں عورتوں کے خلاف تشدد کے واقعات کی نشاندہی کرنا ہے۔ جس کا مقصد زیادہ معلوماتی اور مددگار ماحول اور سماجی دباؤ پیدا کرنا ہے۔ عورتوں کے خلاف تشدد کے واقعات کے اعداد و شمار مستقبل میں بننے والی پالیسی اور قانونی اصلاحات کے سلسلے میں مرکزی اور صوبائی حکومتوں، سیاسی جماعتوں اور قانون دانوں کو مصالحتی طریقہ کار، ترقیاتی پالیسیوں کے فریم ورک اور ادارتی نظام کے تحت عورتوں کے خلاف تشدد کے خاتمہ میں مددگار ثابت ہونگے۔

سال 2008 کے دوران پاکستان بھر میں عورتوں کے خلاف تشدد کے کل 7733 واقعات کی رپورٹ موصول ہوئی۔ جس میں سے 4360 واقعات پنجاب ، 1385 سندھ، 1013 سرحد، 763 بلوچستان اور 212 اسلام آباد میں وقوع پزیر ہوئے ۔ تقریباً تمام واقعات رپورٹ شدہ ہیں ۔ 7733 واقعات میں سے 5686 کی FIR کاٹی گئی ہیں۔ یعنی 73.53% رجسٹرڈ کئے گئے۔ جبکہ 1476 واقعات جو کہ 19.09% بنتے ہیں رجسٹرڈ نہیں کئے گئے۔ اور بقایا 571 یعنی 7.38% وقعات کے متعلق FIR وغیرہ کی میڈیا میں کوئی شہادت موجود نہیں۔ رپورٹ شدہ 7733 واقعات میں سے 1516 قتل کے واقعات ہیں۔ جس میں سے 690 پنجاب، 288 سندھ میں، 404 سرحد، 115 بلوچستان اور 19 واقعات اسلام آباد میں ہوئے ہیں۔ غیرت کے نام پر قتل کے 472 واقعات میں سے 91 پنجاب، 220 سندھ، 32 سرحد، 127 بلوچستان اور 2 اسلام آباد میں ہوئے۔ اقدام قتل کے 123 واقعات میں سے 29 پنجاب، 42 سندھ، 5 سرحد، 45 بلوچستان اور 2 اسلام آباد میں رپورٹ ہوئے۔ اغواء کے کل 1762 واقعات میں سے 1403 پنجاب، 160 سندھ، 71 سرحد، 52 بلوچستان اور 76 اسلام آباد میں رپورٹ کئے گئے۔ جسمانی ایذا رسانی کے 844 واقعات میں سے 279 پنجاب، 97 سندھ، 193 سرحد، 264 بلوچستان اور 11 اسلام آباد میں رپورٹ ہوئے ۔ گھریلو تشدد کے کُل 320 واقعات میں سے 67 پنجاب، 98 سندھ، 113 سرحد، 34 بلوچستان اور 8 اسلام آباد میں رپورٹ ہوئے۔ خودکشی کے کُل 579 واقعات میں 349 پنجاب، 144 سندھ، 60 سرحد، 18 بلوچستان اور 8 اسلاآباد میں رپورٹ ہوئے۔ ریپ کے کُل 439 واقعات میں سے 316 پنجاب، 80 سندھ، 28 سرحد، 10 بلوچستان اور 5 اسلام آباد میں رپورٹ ہوئے۔ گینگ ریپ کے کُل 307 واقعات میں سے 248 پنجاب، 50 سندھ، 1 سرحد، 3 بلوچستان اور 5 اسلام آباد میں رپورٹ ہوئے۔ جنسی ہراساں کرنے کے 187 واقعات میں سے 128 پنجاب، 40 سندھ، 12 سرحد، 3 بلوچستان اور 4 اسلام آباد میں رپورٹ ہوئے۔ حراستی تشدد کے 117 واقعات میں سے 43 پنجاب،

69 سندھ 5 اسلام آباد میں رپورٹ ہوئے۔ جلنے کے 56 واقعات میں سے 31 پنجاب، 11 سندھ، 1 سرحد، 12 بلوچستان اور 1 اسلام آباد میں رپورٹ ہوا۔ تیزاب پھینکنے کے 24 واقعات میں سے 19 پنجاب، 3 سندھ اور 2 اسلام آباد میں رپورٹ ہوئے۔ تشدد کے 300 واقعات میں سے 273 پنجاب، 3 سرحد، 8 بلوچستان اور 16 اسلام آباد میں رپورٹ ہوئے۔ دھمکی آمیز تشدد کے 70 واقعات میں سے 49 پنجاب، 2 سندھ اور 19 اسلام آباد میں رپورٹ ہوئے۔ ونی اور نام نہاد سماجی رویات کے نام پر 25 واقعات میں سے 15 پنجاب، 7 سندھ اور 3 سرحد میں رپورٹ ہوئے۔ جبکہ تشدد کے مختلف نوعیت کے 394 واقعات چاروں صوبوں اور اسلام آباد میں رپورٹ ہوئے۔

تمام ریکارڈ اور غیر ریکارڈ شدہ عورتوں کے اغواء کے معاملات کی شرح فیصد بہت زیادہ ہوتی ہے یعنی 22.79% کے قریب، عورتوں کے قتل کی شرح 19.60%، جسمانی ایذا رسانی کی شرح 10.91%، غیرت کے نام پر قتل کی شرح 6.10%، ریپ 5.68%، گھریلو تشدد 4.14%، گینگ ریپ 3.97%، جسمانی تشدد کے واقعات 3.88%، اقدام خودکشی 2.56%، جنسی ہراسائی 2.42%، اقدام قتل 1.59%, حراستی تشدد 1.51%, دھمکی آمیز تشدد 0.91%، ونی اور روایاتی تشدد 0.32%، اور مختلف نوعیت کے تشدد 3.80%۔

پاکستان میں عورتوں کے خلاف تشدد کے واقعات کی تعداد، اوسط جولائی۔ستمبر ۲۰۰۸

تشدد کی نوعیت	پنجاب	سندھ	سرحد	بلوچستان	اسلام آباد	کل تعداد	اوسط
قتل	690	288	404	115	19	1516	19.60%
غیرت کے نام پر قتل	91	220	32	127	2	472	6.10%
اقدام قتل	29	42	5	45	2	123	1.59%
اغوا	1403	160	71	52	76	1762	22.79%
جسمانی ایذا رسانی	279	93	193	264	11	844	10.91%
گھریلو تشدد	67	98	113	34	8	320	4.14%
خودکشی	349	144	60	18	8	579	7.49%
اقدام خودکشی	105	34	6	52	1	198	2.56%
ریپ	316	80	28	10	5	439	5.68%
گینگ ریپ	248	50	1	3	5	307	3.97%
جنسی ہراسائی	128	40	12	3	4	187	2.42%
حراستی تشدد	43	69	0	0	5	117	1.51%
جلنے کے واقعات	31	11	1	12	1	56	0.72%
تیزاب پھینکنے کے واقعات	19	3	0	0	2	24	0.31%
ذہنی ایذا رسانی کے واقعات	273	0	3	8	16	300	3.88%
دھمکی آمیز تشدد	49	2	0	0	19	70	0.91%
ونی اور نام نہاد سماجی روایات کے نام پر	15	7	3	0	0	25	0.32%
مختلف نوعیت کے تشدد	225	40	81	20	28	394	3.80%
کل تعداد	4360	1385	1013	763	212	7733	100%

عورت فاؤنڈیشن اسلام آباد؛